# سی پی ای سکریننگ

# مریضوں کے لئے معلومات

اگراس کتابچے میں دی گئی معلومات کے بارے میں آپ کے کوئی سوالات ہیں،تو یہ بہت اہم ہے کہ آپ اپنی دیکھ بھال کرنے والی نرسنگ یا میڈیکل ٹیم کے ایک رکن سے اس بارے میں بات چیت کریں۔

## سی پی ای کی سمجھ بوجھ

ہر کسی عام، صحت مند شخص کی آنتوں میں ایک جراثیم موجود ہوتا ہے جس کو اینٹرو بیکٹیریا سی کہا جاتا ہے۔ جب کہ یہ جراثیم آنتوں میں ہوتے ہیں، وہ کسی نقصان کی وجہ نہیں بنتے اور ہمیں اپنا کھانا ہضم کرنے میں مدد دیتے ہیں۔ یہ جراثیم یہاں مستقل موجود رہتے ہیں۔ البتہ اگر یہ جراثیم غلط جگہ پر داخل ہو جائیں جیسے کہ مثانہ یا دوران خون، تو وہ انفیکشن (وبائی مرض) کا باعث بنتے ہیں۔

کارباپنی میز پروڈیوسنگ اینٹرو بیکٹیریا سی (سی پی ای) کا تعلق اینٹرو بیکٹیریا سی کی قسم سے ہی ہے۔ انہوں نے کارباپیناز کہلائی جانے والی اینٹی بایوٹک ادویات کے ایک موثر گروپ کے خلاف مدافعت پیدا کر لی ہے۔ کارباپیناز، اینٹی بایوٹک کے ایک ایسے اہم گروپ سے ہے، جن پر ڈاکٹر انفیکشنز سے مقابلہ کرنے کے لئے اکثر بھروسہ کرتے ہیں جب دوسری اینٹی بایوٹک ادویات ناکام ہو چکی ہوں۔ یہ اہم ہے کہ ہم اپنے ہسپتالوں میں سی پی ای کے پھیلاؤ کو روکیں۔ اس سے یقینی بنایا جا سکے گا کہ یہ اینٹی بایوٹک مستقبل میں بھی انفیکشنز کا علاج کرنے کے لئے موجود رہیں۔

### اگر مجھے سی پی ای ہے، تو کیا مجھے علاج کی ضرورت ہو گی؟

نہیں، عموماً نہیں۔ جن مریضوں کے جسم میں سی پی ای ہوتا ہے ان کو علاج کی ضرورت نہیں ہوتی کیونکہ یہ بیکٹیریا بے ضرر طریقے سے آنتوں میں بغیر نقصان پہنچائے رہتا ہے۔ البتہ، اگر آپ کو سی پی ای کی وجہ سے انفیکشن ہو گئی ہے، تو اس کے علاج کے لئے آپ کو اینٹی بایوٹک کی ضرورت ہو گی۔

## سی پی ای کی سکریننگ کے بارے میں معلومات

### مریضوں کی سی پی ای کے لئے سکریننگ (معائنہ) کیوں کی جاتی ہے؟

یہ جاننے کے ذریعے کہ کون سا مریض سی پی ای میں مبتلا ہے، ہم یقینی بنا سکتے ہیں کہ وہ سی پی ای کے پھیلاؤ کو روکنے اور سی پی ای کے انفیکشنز سے بچنے کے لئے بہترین دیکھ بھال حاصل کرتے ہیں۔

سی پی ای کی وجہ سے ہونے والی انفیکشن کا علاج کرنا مشکل ہو سکتا ہے۔ یہ جاننا بہت اہم ہے کہ کوئی سی پی ای میں مبتلا ہے تا کہ اگر اس کو انفیکشن ہوتی ہے، تو طبی عملہ اس کا علاج کرنے کے لئے فوری طور پر بہترین اینٹی بایوٹک تجویز کر سکے۔

### سی پی ای کے لئے مریضوں کا معائنہ کیسے کیا جاتا ہے؟

وہ مریض جن کو سکاٹ لینڈ میں ہسپتالوں میں داخل کیا جاتا ہے، داخلے کے وقت ان کی تشخیص کی جاتی ہے تا کہ یہ فیصلہ کیا جا سکے کہ اگر ان کو سی پی ای میں مبتلا ہونے کا خطرہ ہے۔ مندرجہ ذیل دو صورتوں میں آپ کی سی پی ای کی سکریننگ کے لئے کہا جا سکتا ہے:

- سکاٹ لینڈ سے باہر ایک ہسپتال میں رہے ہوں؛ یا
- ماضی میں سی پی ای میں مبتلا رہے ہوں۔

ہسپتال میں قیام کے دوران اگر آپ سی پی ای میں مبتلا کسی شخص سے رابطے میں رہے ہوں تو آپ کو سی پی ای کا معائنہ کرانے کا کہا جا سکتا ہے۔

## میراسی پی اے کے لئے کیسے معائنہ کیا جائے گا؟

اگر آپ کے معائنے کے لئے ایک نمونے کے ضرورت ہے، تو آپ کی دیکھ بھال کرنے والی ٹیم کا ایک رکن آپ کی مقعد (نیچے) سے ایک سلائی کچھ اندر داخل کرے گا جس پر روئی لپٹی ہوگی۔ یا وہ آپ کے پاخانے کے نمونے کا معائنہ کر سکتے ہیں۔ کچھ اور نمونوں کی بھی ضرورت ہو سکتی ہے، مثال کے طور پر اگر آپ کو ایک زخم ہے یا پیشاب کی نالی لگی ہوئی ہے۔

جب یہ نمونے لئے جائیں گے تو آپ کی پوشیدگی اور عزت کا مکمل خیال رکھا جائے گا۔

روئی کی سلائیوں اور نمونوں کو ایک لیبارٹری بھجوایا جائے گا تا کہ دیکھا جا سکے کہ کونسا بیکٹر یا پیدا ہو رہا ہے، اور آپ کی دیکھ بھال کی ٹیم آپ کو نتائج سے آگاہ کرے گی۔

آپ کو ایک علیحدہ کمرے میں رکنے کا کہا جا سکتا ہے جب تک کہ آپ کے معائنے کے نتائج کے بارے میں معلوم ہو جائے۔

مثبت سی پی ای کے معائنے والے مریضوں کے لئے معلومات

## اگر میرے سی پی ای کے معائنے کا نتیجہ مثبت ہوا تو کیا ہوگا؟

اگر آپ کا سی پی ای کا سکریننگ ٹیسٹ مثبت ہے، تو اس کا مطلب ہے کہ آپ سی پی ای بیکٹیریا میں مبتلا ہیں۔ یہ ان لوگوں میں عام طور پر مسائل کی وجہ نہیں بنتا جو کہ صحت مند ہیں اور ہوسکتا ہے کہ آپ کو بیماری کے کوئی اثرات نہ ہوں۔ اگر آپ کو انفیکشن کے کوئی اثرات نہ ہوں تو کسی علاج کی ضرورت نہیں ہے۔

اگر آپ کو انفیکشن ہوتی ہے، تو آپ کے ڈاکٹر کے لئے یہ جاننا بہت ضروری ہے کہ آپ سی پی ای میں مبتلا ہیں۔ اس کا مطلب یہ ہے کہ وہ آپ کی انفیکشن کا فوری علاج کرنے کے لئے بہترین اینٹی بایوٹک کی شناخت کر سکتے ہیں۔

اگر آپ کا سی پی ای کی سکریننگ کا نتیجہ مثبت ہے، تو جتنا عرصہ آپ ہسپتال میں قیام کریں گے، ہر ہفتے آپ کے سی پی ای کا معائنہ کیا جائے گا۔

## میرے ہسپتال میں قیام کے دوران، انفیکشن پر قابو پانے اور بچنے کے لئے کیا اقدامات کئے جائیں گے؟

ہسپتال میں آپ کے قیام کے دوران آپ کو ایک علیحدہ کمرے میں رہنے کے لئے کہا جا سکتا ہے، یا جب تک کہ آپ کے ڈاکٹر مطمئن ہوں کہ سی پی ای دوسرے مریضوں تک پھیلنے کا خطرہ نہیں ہے۔

انفیکشن سے بچاؤ کے لئے جو سب سے اہم کام آپ کر سکتے ہیں وہ ٹوائلٹ جانے کے بعد اپنے ہاتھوں کو صابن اور پانی سے اچھی طرح دھونا ہے۔ آپ ہاتھوں کی صفائی کے لئے الکوحل ملا محلول بھی استعمال کر سکتے ہیں۔ یہ بھی ضروری ہے کہ آپ اپنے طبی آلات کو چھونے سے پرہیز کریں جیسے کہ پیشاب کی نالیاں یا نس میں لگی ہوئی ڈرپس۔ اس سے سی پی ای کی وجہ سے انفیکشن ہونے کے خطرے کو کم کرنے میں مدد ملے گی۔

## کیا میرے ملاقاتی مجھ سے ملنے آسکتے ہیں؟

سی پی ای میں مبتلا مریضوں کے پاس ہسپتال میں ملاقاتی بدستور آسکتے ہیں۔ جن ملاقاتیوں کو انفیکشن ہونے کا خطرہ زیادہ ہوتا ہے، جیسے کہ بچے اور شیر خوار بچے تو انہیں ہسپتال نہ آنے کا مشورہ دیا جاتا ہے۔ تمام ملاقاتی آپ کے کمرے مُیں داخل ہوتے اور نکلتے ہوئے لازمی طور پر اپنے ہاتھ دھوئیں۔

## جب میں ہسپتال سے گھر جاؤں تو کیا ہوگا؟

اگر ہسپتال سے گھر جاتے ہوئے آپ سی پی ای میں مبتلا ہیں تو یہ وقت کے ساتھ خود ہی ختم ہو جائے گا۔ گھر پر خاص طور پر ٹوائلٹ جانے کے بعد، اپنے ہاتھوں کو صابن اور پانی کے ساتھ اچھی طرح دھونے کے علاوہ آپ کو کوئی اضافی احتیاط کرنے کی ضرورت نہیں ہے۔ اگر ایک رشتہ دار یا دوست گھر پر آپ کی دیکھ بھال میں مدد کر رہا ہے، تو یہ ضروری ہے کہ وہ آپ کی دیکھ بھال سے پہلے اور بعد میں اپنے ہاتھ صابن اور پانی سے اچھی طرح دھوئیں۔ بستر کی چادریں، کپڑے اور دیگر دھلائی والے کپڑوں کو معمول کے مطابق دھویا جا سکتا ہے۔

اگر آپ ہسپتال میں یا صحت کی دیکھ بھال کی کسی دوسری جگہ پر واپس جاتے ہیں، تو یہ اہم ہے کہ آپ اپنی دیکھ بھال کرنے والے عملے کو آگاہ کریں کہ ماضی میں آپ سی پی ای میں مبتلا رہ چکے ہیں۔ اس سے یقینی ہوگا کہ آپ کا دوبارہ معائنہ کیا جائے اور آپ سی پی ای کے پھیلاؤ کو روکنے اور سی پی ای کی انفیکشن پیدا

ہونے کے خطرے کو کم کرنے کے لئے بہترین دیکھ بھال حاصل کرسکیں۔

**میں مزید معلومات کہاں سے حاصل کرسکتا ہوں؟**

اگر آپ کو مزید معلومات کی ضرورت ہے، تو براہ مہربانی اپنی دیکھ بھال کرنے والے نرسنگ یا طبی عملے کے ایک رکن سے بات چیت کریں، جو آپ کی جانب سے انفیکشن سے بچاؤ اور قابو پانے کی مقامی ٹیم سے رابطہ کر سکتے ہیں۔

براہ مہربانی نیچے دی گئی جگہ کو ایسے سوالات لکھنے کے لئے استعمال کریں جو آپ اپنی دیکھ بھال کرنے والی ٹیم سے پوچھنا چاہتے ہیں۔

یہ کتابچہ دوسری زبانوں کے ساتھ ساتھ بڑے حروف میں بھی دستیاب ہے۔ کسی دوسری زبان یا شکل میں اس کتابچے کی کاپی حاصل کرنے کے لئے براہ مہربانی ہیلتھ پروٹیکشن سکاٹ لینڈ سے رابطہ کریں: NSS.HPSHAIScreening@nhs.net

Health Protection Scotland(ہیلتھ پروٹیکشن سکاٹ لینڈ)
Meridian Court, 5 Cadogan Street, Glasgow G2 6QE
0141 300 1100

اپریل 2015 سی پی ای مریضوں کا کتابچہ ورژن 1.0